مطبوعات

فقہ الزکوٰۃ (حصہ اوّل) از جناب ڈاکٹر یوسف القرضاوی - اردو ترجمہ از ساجد الرحمٰن صدیقی-
ناشر: البدر پبلی کیشنز — ۲۳ راحت مارکیٹ - اُردو بازار لاہور ۲ - صفحات قریباً سوا تین سو-
قیمت: ۲۱/- روپے

عربی زبان میں ڈاکٹر یوسف قرضاوی دینی موضوعات پر ایک صاحبِ اعتبار شخصیت ہیں - اور سادہ زبان میں دلنشین طرزِ انشا کے ماہر - ان کی مشہور کتاب فقہ الزکوٰۃ (دو ضخیم جلدیں) بڑی قبولیت رکھتی ہے - یہ ایسی پہلی کامیاب کوشش ہے کہ زکوٰۃ کی حکمت کے ساتھ اس کا شرعی قانون اور قانون کے تحت تفصیلی فقہی ضابطے یکجا پیش کیے گئے ہیں - اس کتاب کا ترجمہ ادارۂ معارفِ اسلامی کراچی کے اہتمام سے ساجد الرحمٰن صدیقی کر رہے ہیں - ترجمے کا حصہ اوّل سامنے ہے - بقیہ کام تین مزید حصوں میں مکمل ہوگا- ترجمے کی باریکیوں کو جانچنا تو یہاں ممکن نہیں، فی الجملہ اچھا خاصا ہے - اگرچہ سرورق موٹے آرٹ پیپر کا ہے - یعنی پیپر بیک طرز پر، مگر پھر بھی ۲۱/- روپے غیر تاجرانہ قیمت ہے -

---

نورالدین محمود زنگی تالیف جناب طالب ہاشمی - ناشر: قومی کتب خانہ لاہور - صفحات: ۳۳۲
پیپر بیک جلد مع رنگین گرد پوش - قیمت: صرف ۲۴/- روپے -

جناب طالب ہاشمی آج ایک صاحبِ مقام مصنّف ہیں - انہوں نے اپنے ذمہ یہ فریضہ لیا ہے کہ وہ شجرۂ ملّت کی کونپلوں کا تعلق جڑوں سے قائم رکھیں گے - صحابہ اور صحابیات اور سلاطینِ عادل کے سوانحی حالات کے ساتھ وہ مؤرخانہ ذمہ داریاں بھی ادا کرتے ہیں - مثلاً پیشِ نظر کتاب صرف ایک شخصیت کی سوانح عمری نہیں ہے، بلکہ ایک دَور کی تاریخ بھی ہے - عباسی دَور کا عروج و شکوہ اپنی جگہ، لیکن اُس دَور میں ہماری تاریخ کے دریا میں پے در پے ایسے گرداب پڑے کہ کشتی کا بچ کر نکلنا مشکل ہوگیا - عباسیوں